# Modal Paper

**①**

## اردو (تیسری زبان)

## درجہ۔ دہم

**وقت۔ ۳ گھنٹے ۱۵ منٹ** **قل نمبر۔ ۸۰**

- ✓ طلبہ کے لئے ہدایت:۔
- ✓ طالب / طالبہ سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔
- ✓ سبھی سوالات لاجمی ہیں۔
- ✓ ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں لکھیں۔
- ✓ ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔
- ✓ جن سوالوں کے ایک سے زائد حصّے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔
- ✓ سوالوں کے جوابات خوش خط لکھئے اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔
- ✓ ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی حدایت پر عمل کریں۔

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل اقتباس میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے۔ 5

www.rajteachers.com

**(الف)**

لوگ امتحان کے نام سے گھبراتے ہیں لیکن مجھے ان کے گھبرانے پر ہنسی آتی ہے۔ آخر امتحان میں ایسا کیا ہوتا ہے ؟ دو ہی صورتیں، فیل یا پاس۔ اس سال پاس نہ ہوئے آیندہ سال سہی۔ میں اپنے دوستوں اور ہم جماعتوں کو دیکھتا تھا کہ جوں جوں امتحان کے دن قریب آتے جاتے ان کے حواس پرّاں، ان کا دماغ مختل اور ان کی صورت اتنی سی نکل آتی تھی۔ بندہ درگاہ پر امتحان کا نہ رتی برابر پہلے اثر تھا اور نہ ہی اس کے ختم ہو جانے کا افسوس ہے۔ امیدواروں کا مجمع، نئی نئی صورتیں، عجیب عجیب خیالات ___ یہ ایسی چیزیں ہیں جن سے کبھی دل سیر نہیں ہو سکتا۔ جی چاہتا ہے کہ تمام عمر امتحان ہوئے جاتے لیکن پڑھنے اور یاد کرنے کی شرط اٹھا دی جئے۔ میری سنئے۔

**(ب)**

جب ابّو خاں کی بہت سی بکریاں یوں بھاگ گیئں تو بے چارے بہت اداس ہوئے اور کہنے لگے "اب بکری نہ پالوں گا۔" مگر تنہائی بری چیز ہیں۔ تھوڑے دنوں تو ابّو خاں بے بکریوں کے رہے، پھر نہ رہا گیا۔ ایک دن کہیں سے ایک بکری خرید لائے۔ یہ بکری دیکھنے میں ہی اچھی نہ تھی، مزاج کی بھی اچھی تھی۔ ابّو خاں تو بس اس پر عاشق سے ہو گئے تھے۔ اس کا نام چادنی رکھا تھا اور دن بھر اس سے باتیں کرتیں رہتے تھے۔

سوال نمبر ۲۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب مختصراً تحریر کیجئے (کوئی پانچ)۔ 10

1) مضمون "اپنی مدد آپ" کس نے لکھا ہے؟

2) بڑھیا کو کس چیز کے لیے طمع دلائی گئی؟

3) ابّو خاں کو کیا شوق تھا؟

4) لفظ "مجاہدہ" کا مزکّر لکھیے؟

5) رسولن بی بی کون تھی؟

6) انسان کے لئے اللہ تعالیٰ کی سب سے بہترین نعمت کیا ہے؟

7) ایٹم میں کتنے ذرّے ہوتے ہیں؟

سوال نمبر ۳۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تفصیل سے لکھیں (کوئی ایک)۔ 5

1) طالب علم کے اپنے وطن کے لیے کیا فرائض ہیں؟

یا

ہمارے ملک ہندوستان کے سامنے کون کون سی مسائل درپیش ہیں؟

2) عبدالحمید کے کارناموں سے ہمیں کیا پیغام ملتا ہے؟

یا

وقت کی قدر کرنے سے کیا فائدے ہوتے ہیں؟

سوال نمبر ۴۔ مندرجہ ذیل اجزائے نظم میں سے کسی ایک خزو کی تشریح کرئے۔ شاعر اور نظم کا نام بھی لکھئے۔ 4

(الف)

یارب ہے بخش دنیا بندے کو کام تیرا
مرحوم رہ نہ جائے کل یہ غلام تیرا
جب تک ہے دل بغل میں ہر دم ہو یاد تیری
جب تک زباں ہے منہ میں جاری ہو نام تیرا

(ب)

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا
آزردیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا
لگتی ہے چوٹ دل پر، آتا ہے یاد جس دم شبنم کے آنسو وں پر کلیوں کا مسکرانا



www.rajteachers.com

سوال نمبر۵۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیئے (کوئی تین)۔ 6

1) مولانا محمد حسین آزادؔ کے والد کا کیا نام تھا؟

2) عید کے دن کون کون لوک شاد ہوتے ہیں؟

3) نعت کسے کہتے ہیں؟

4) بندے کو بخش دینا کس کا کام ہے؟

سوال نمبر۶۔ مندرجہ ذیل اسعار کا مطلب شاعر کے حوالہ سے لکھیں (کوئی دو)۔ 5

(الف)

اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا لہو آتا ہے جب نہیں آتا
ہوش جاتا نہیں رہا لیکن جب وہ آتا ہے تب نہیں آتا

(ب)

فقیرانہ آئے صدا کر چلے میاں خوش رہو دعا کر چلے

(پ)

بس کی دسوار ہے ہر کام کا آساں ہونا آدمی کو بھی میّسر نہیں، انساں ہونا
گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی در و دیوار سے ٹپکے ہے، بیاباں ہونا

(ت)

ہم کہاں قسمت آزمانے جائیں؟ تو ہی جب خنجر آزمانہ ہوا

سوال نمبر۷۔ نظم کی تعریف بیان کرو؟ 5

سوال نمبر۸۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تحریر کیجے۔

1) فیل، فاعل اور مفعول میں سے کسی دو کی تعریف مع مسال کیجیے۔ 6

2) محاورے / کہاوتے۔ 6

آپ کاج مہا کاج۔ ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی۔ باغ باغ ہونا۔

3) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے دو کے الفاظ کے متضاد یا مترادف بنائیں۔ 2

پائیدوست فرض وقت

4) مندرجہ ذیل رموزاوقاف کی علامتیں (نسان) لکھیئے :۔ 2

قوسین واوین سوالیہ انسان خطمہ

www.rajteachers.com

سوال نمبر۹۔ مندرجہ غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور دئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

"مرزا غالب شاعری کی طرح نثر نگار بھی تھے۔ ان کا بنیادی وصف جدّت طرازی ہے جو شاعری اور نثر مین موجود ہے۔1857 کی جنگ جو آزادی کے واقعات جو انھوں نے لکھی ہیں۔ اس میں ان کی یہ کوشش رہی تھی کہ عربی الفاظ نہ آنے پاے۔ یہی خوبی ان کے مقتوبات میں بھی تھی۔ ان کے مقتوبات میں طنز و مزاح' ڈرامائی عناصر اور بے تکلفی کا استعمال بہت ہوا ہے۔ سادگی اور صفائی' مکالمہ کو ایسی روانی بخشی ہے کہ غالب کی طبیعت اور مزاج کی تیزی ہمارے سامنے آ جاتی ہے۔ مرزا غالب کے اب تک چار مکتوبات کے مجموعے منظرِ عام پر آ چکے ہے۔ جن میں سے دو" اردوئے معلی" اور "عودِ ہند" ' ان کی زندگی میں شائع ہو گے تھے۔ بعد وفات "نادرات غالب" اور "مکتوبات غالب" کے نام سے ان کے خطوط جمع کیے جا چکے ہیں۔

i. مرزا غالب شاعری کے علاوہ کس لیے مشہور تھے؟ 2

ii. غالب کی بنیادی خوبی کیا ہے؟ 2

iii. غالب کی خطوط کی نمایاں خصوصیات کیا ہے؟ 2

iv. غالب کے خطوط کے مجموعوں کے نام لکھئے؟ 2

سوال نمبر۱۰۔ اپنے بڑے بھائی صاحب کو ایک خط لکھئے جس میں اپنی آگے کی پڑھائی کے مطالق مشورے چاہے گئے ہوں۔ 8

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب / ہیڈ ماسٹر صاحب کو ایک درخواست لکھئے جس میں آگرہ جانے کے لئے چار دن کی چھٹّی چاہی گئی ہوں۔

سوال نمبر۱۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر تقریباً سو الفاظ میں مضمون لکھیئے۔ 8

1) میرا پسندیدہ کھیل
2) ریل کا ایک دلچسپ سفر
3) عید

www.rajteachers.com